# تمارین- 14

DARULIMAAN INSTITUTE

ا۔اردو میں ترجمہ کریں۔

بَیْتِکَ ، زَوْجُکَ ، رَبُّکَ مَطْلَعِ الْفَجْرِ، رِزْقٌ کَرِیْمٌ

۲۔مُرکَّبِ اضافی اورمُرکَّب ِتوصیفی کوالگ الگ کیجیے اوران کافرق بتائیں۔

بَیْتُ اللهِ ، عَرْشٌ عَظِیْمٌ ، رَحْمَۃُ اللهِ ، قَلْبٍ سَلِیْمٍ ، نَصْرُاللهِ

۳۔درج ذیل اسماء میں سے مناسب الفاظ کا چناؤ کرتے ہوئے مرکبِ اضافی اور مرکبِ توصیفی بنائیے۔

اَلْبَيْتُ ، قَوْمُ ، رَسُوْلُ ، الْفَجْرِ ، لُوْطٍ ، اَللّٰهِ ، مَطْلَعِ ، الْجَدِيْدُ

### ۴۔ صحیح ✓ اور غلط X کی نشان دہی کیجیۓ۔

۱۔ مُضاف ہمیشہ مجرور ہوتا ہے۔

۲۔ مرکبِ توصیفی کے پہلے جز کو صفت کہتے ہیں۔

۳۔ صفت موصوف کے تابع ہوتی ہے۔

۴۔ "کَ" کے معنی ہیں "تیرا" ایک عورت کا۔

۵۔ آَجْرٌ عَظِيْمٌ کی اعرابی حالت مرفوع ہے۔

۶۔ عربی میں صفت پہلے اور موصوف بعد میں آتا ہے۔

۷۔ مُضاف پہلے اور مُضا ف الیہ بعد میں آتا ہے۔

DARULIMAAN INSTITUTE

۸۔ مرکبِ اضافی اور مرکبِ توصیفی کو مرکبِ ناقص کہتے ہیں۔

۹۔ عربی میں صفت کو نعت اور موصوف کو منعوت کہتے ہیں۔

۱۰۔ کِ کو ضمیرِ مُنْفَصِل کہا جاتا ہے۔

DARULIMAAN INSTITUTE